More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

# باب نمبر 19

# زمین کی کہانی

## اہم الفاظ اور معنی:

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| حتمی | مکمل آخری | آثار | نشانیاں |
| حسن | خوبصورتی | افضل | برتر |
| آسائش | آرام | صلاحیت | خوبی |
| روز بروز | دن بدن | حکمت | دانائی |
| تگ ودو | کوشش، محنت | اگلنے شروع کردیے | باہر نکالنا شروع کردیے |
| قناعت | صبر | بخرے کیے | علیحدہ علیحدہ کردیے |
| خفا | ناراض | مہلک | ہلاکت خیز، نقصان دہ |
| شگاف | ایک بڑا سوراخ | ہولناک | خوفناک |
| خالق | تخلیق کرنے والا | زیب نہیں دیتا | اس کی شان کے مطابق نہیں |
| خوفناک | ڈرانے والا | نمودار | ظاہر |

## سبق کا مرکزی خیال:

اس کائنات میں زمین انسان کی پناہ گاہ ہے لیکن انسان نے اپنی سرگرمیوں کی بدولت زمین کو بھی بہت نقصان پہنچایا ہے۔ انسان نے زمین کے اندر قیمتی دھاتیں اور معدنیات حاصل کر کے فائدہ اٹھایا اور اس کے ساتھ ہی انسان زمین پر مختلف فصلیں اور اناج بوتا ہے مگر اس کے باوجود انسان زمین پر ہی فساد پھیلاتا ہے اپنی جنگوں میں خوفناک ہتھیار

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

استعمال کرتا ہے جن سے نہ صرف انسانوں، جانوروں اور پودوں کو نقصان پہنچتا ہے بلکہ زمین کی ساخت بھی متاثر ہوتی ہے۔ انسان کو چاہئے کہ وہ پرامن رہے اور ایسی سرگرمیوں کو ترک کردے جن سے زمین کو نقصان پہنچتا ہے۔

## سبق کا خلاصہ:

زمین کی تخلیق کی صحیح تاریخ تو اب تک معلوم نہ ہوسکی لیکن یہ ضرور پتہ چلا لیا گیا کہ زمین جب وجود میں آئی اور سورج سے علیحدہ ہوئی تو وہ آگ کا گولا تھی۔ ایک طویل عرصے تک زمین بنجر اور ویران پڑی رہی اس کے بعد زمین کی بیرونی سطح ٹھنڈی ہونا شروع ہوئی اور زمین کی ایک مخصوص حالت کو قائم رکھنے کے لئے اللہ نے زمین پر پہاڑ کھڑے کردیئے۔ پہاڑوں کی وجہ سے زمین کی خوبصورت میں بھی اضافہ ہوا۔ زمین کے ٹھنڈے ہونے پر اس پر زندگی کے آثار پیدا ہونے لگے۔ پہلے پودے، پانی کے جانور، پھر خشکی کے جانور، پھر پرندے پیدا ہوئے۔ ایک طویل عرصے کے بعد زمین کی رونق کو بڑھانے کیلئے اللہ نے زمین پر انسانوں کو آباد کردیا۔

انسان زمین پر آبادیوں کی صورت میں رہنے لگے۔ انسان نے زمین پر محنت کی اور اس سے اناج، کئی طرح کی سبزیاں اور پھل حاصل کرنا شروع کردیئے۔ انسان کو جب پتہ چلا کہ زمین کے اندر قیمتی خزانے موجود ہیں تو اس نے قیمتی اشیاء اور معدنیات کو بھی زمین سے باہر نکالنا شروع کردیا۔ انسان کی معاشی حالت بہتر ہوگئی تو انسانوں نے خود کو قبائل اور گروہوں میں تقسیم کرلیا اور اس کے ساتھ ساتھ زمین کو بھی حصوں اور ٹکڑوں میں تقسیم کیا اس طرح براعظم اور ممالک وجود میں آگئے۔ یہ زمین اللہ تعالیٰ نے سب انسانوں کیلئے پیدا کی ہے لیکن انسان نے اس حقیقت کو بھلا کر ملکیت پسندی کا تصور قائم کردیا۔ کچھ عرصے بعد انسان انسان کا دشمن بن گیا۔ انسانوں نے اپنے دفاع اور دوسروں کو تباہ کرنے کیلئے خوفناک ہتھیار تیار کرلئے۔ ایٹم بم بنائے اور انہیں استعمال کرنا شروع کردیا۔ ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرائے جس سے وہاں زمین کو بے حد نقصان پہنچا۔ انسان کو چاہئے کہ وہ نہ صرف انسان دشمن سرگرمیوں کو ترک کردے بلکہ ماحول اور زمین کی حفاظت کیلئے بھی اقدامات کرے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

# حل شدہ مشق

سوال نمبر۱: درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔

(الف): جب زمین وجود میں آئی تو اس پر جاندار کیوں موجود نہ تھے؟

جواب: جب زمین وجود میں آئی تو وہ بھی سورج کی طرح انتہائی گرم تھی اس لئے اس پر جاندار موجود نہ تھے۔

(ب): زمین کی اوپر کی سطح کیسی ہے؟

جواب: زمین کی اوپر کی سطح ٹھوس حالت میں ہے۔

(ج): اللہ تعالیٰ نے زمین پر پہاڑ کیوں کھڑے کیے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے زمین پر پہاڑ اس لئے کھڑے کر دیئے جنھوں نے نہ صرف زمین کو ایک حالت پر قائم رکھنے میں مدد کی بلکہ ان کی وجہ سے زمین کی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوا۔

(د): پانچ معدنیات کے نام بتائیے جن کے نام سبق میں نہ ہوں۔

جواب: پانچ معدنیات کے نام مندرجہ ذیل ہیں

(i) ایلومینیم (ii) نمک (iii) کرومائیٹ

(iv) چونے کا پتھر (v) سنگِ مرمر

(ہ): جاپان میں کن کن شہروں پر ایٹم بم گرائے گئے تھے؟

جواب: جاپان کے شہر ہیروشیما اور ناگاساکی تھے جہاں پر ایٹم بم گرائے گئے۔

سوال نمبر۲: دیئے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ا۔ | وجود | شروع میں زمین پر اتنے بڑے جاندار موجود تھے جن کا وجود بہت زیادہ جگہ گھیرتا تھا۔ |

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

| | | |
|---|---|---|
| ۲۔ | خالق | کائنات اور اس میں موجود ہر ایک شے کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ |
| ۳۔ | خوفناک | اس ڈراؤنی فلم میں بہت سے خوفناک مناظر موجود ہیں۔ |
| ۴۔ | بسیرا | پرندے رات کو اپنے اپنے گھونسلوں میں بسیرا کرتے ہیں۔ |
| ۵۔ | تگ ودو | شاہد نے تگ ودو کی لیکن وہ طلبا یونین کا الیکشن نہ جیت سکا۔ |
| ۶۔ | سرکش | مالک نے اپنے سرکش اونٹ پر قابو پانے کیلئے بہت کوشش کی۔ |

سوال نمبر۳: خالی جگہوں میں درست لفظ لکھ کر جملے مکمل کیجئے:

(الف): میں وجود میں آنے سے قبل ۔۔۔۔۔۔۔۔ کا حصہ تھی۔

(۱) چاند (۲) تارے (۳) سورج (۴) بادل

(ب): انسانوں نے اس ۔۔۔۔۔۔۔۔ کو فراموش کر دیا۔

(۱) حقیقت (۲) صداقت (۳) اصلیت (۴) ایجاد

(ج): میرے سینے کے اندر بے شمار قیمتی اشیاء ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

(۱) موجودہ (۲) پوشیدہ (۳) دفن (۴) نہیں

(د): انسانوں کے علاوہ اور بھی بے شمار مخلوقات مجھ پر ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

(۱) موجود (۲) آباد (۳) رہتی (۴) ناز کرتی

(ہ): مہربان ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ساتھ ایسا برتاؤ تجھے زیب نہیں دیتا۔

(۱) ماں (۲) زمین (۳) دوست (۴) پڑوسی

سوال نمبر۴: درج ذیل الفاظ پر اعراب لگا کر تلفظ واضح کیجیے:

جواب: اعراب شدہ تلفظ:

(i) قَنَاعَتْ (ii) خَالِقْ (iii) اَنَاَجْ

(iv) شِگَافْ (v) اِلْتِجَا (vi) عِبْرَتْ

سوال نمبر۵: سبق کے مطابق درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیے:

(الف): میں تو تیرے لئے مہربان دوست کی طرح ہوں۔ غلط (x)

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ب): میری رونقوں میں روز بہ روز اضافہ ہونے لگا۔ درست (✓)

(ج) سست رفتاری کے باعث اس کا ایک حصہ الگ ہو کر گر پڑا۔ غلط (x)

(د) زمین پہلے سورج کا حصہ تھی۔ درست (✓)

سوال نمبر ۶: لغت سے تلاش کر کے درج ذیل کے معنی لکھیے:

جواب: جواب کیلئے سبق کے اہم الفاظ اور معنی دیکھیے۔

سوال نمبر ۷: ان لفظوں کے مترادف جوڑے بنائیے:

| الفاظ | مترادف |
|---|---|
| ۱۔ ابتدا | شروع |
| ۲۔ افضل | اعلیٰ |
| ۳۔ باعث | سبب |
| ۴۔ شدید | انتہائی |
| ۵۔ عطا | بخشش |

سوال نمبر ۸: ماحولیات کے بارے میں ایک سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے:

## جواب: ماحولیات

زمین کے اردگرد پائی جانے والی خشکی، تری اور فضاء ماحولیات میں شمار کی جاتی ہیں۔ ماحولیات سے متعلق علم ہونا بہت ضروری ہے کیوں کہ ماحولیات کے علم ہی ماحول کے تحفظ میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ انسان کی سرگرمیوں میں بہت تیزی کے ساتھ اضافہ ہوا اور اب بھی انسان کی سرگرمیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انسان اپنے فائدے کیلئے ماحولیات میں موجود اجزاء سے فائدہ اٹھا کر اشیاء کی تخلیق کر رہا ہے لیکن انسان کی انہی سرگرمیوں کی بدولت ماحول پر بھی خراب اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

زمین کے اطراف کی فضاء انسان کی سرگرمیوں، دھوئیں اور کیمیائی اشیاء کی وجہ سے آلودہ ہو چکی ہے جسے فضائی آلودگی کہا جاتا ہے۔ فضائی آلودگی کے برے اثرات نہ

www.perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

صرف انسان بلکہ زمین پر موجود پودوں اور دیگر حیوانات پر بھی پڑ رہے ہیں۔ فضائی آلودگی کی وجہ سے تیزابی بارشیں بھی ہوتی ہیں جو کہ پتھروں اور عمارتوں کو بھی نقصان پہنچاتی ہیں۔ انسان کی ماحول دشمن سرگرمیوں کی وجہ سے آبی ماحول بھی خراب ہوتا جا رہا ہے۔ سمندر، دریاؤں، نہروں اور تالابوں میں زہریلے اور نقصان دہ مادے شامل ہو رہے ہیں جو کہ آبی حیات کیلئے خطرے کا باعث ہیں۔ انسان پیداواری عمل کے دوران جو بے کار زہریلے مادے پیدا ہوتے ہیں انہیں زمین پر پھینک دیتا ہے جس کی وجہ سے زمین پر آلودگی پیدا ہوتی ہے۔

انسان جس طرح اپنے گھروں کو خوبصورت بناتے ہیں اور ان کی دیکھ بھال کرتے ہیں اسی طرح انہیں زمین اور زمین کی ماحولیات کو بھی اپنے گھر کی طرح سمجھنا چاہئے اور ماحولیات کے تحفظ کیلئے اقدامات کرنا چاہئیں۔ فضائی آلودگی پر قابو پانے کیلئے دھوئیں کے اخراج پر قابو پانا چاہئے اور زیادہ سے زیادہ درخت لگانے چاہئیں۔ سمندر، دریاؤں، نہروں اور زمین پر بے کار مادے براہ راست پھینکنے کے بجائے انہیں ری سائیکلنگ کے عمل سے گزار کر بے ضرر بنانا چاہئے کیوں کہ ماحولیات کے تحفظ میں انسان کی اپنی بقا وابستہ ہے۔

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com